بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

پردے کے مسئلہ پر اب سے چار سال پہلے میں نے ایک سلسلۂ مضامین لکھا تھا جو ترجمان القرآن کے کئی نمبروں میں شائع ہوا تھا۔ اُس وقت بحث کے بعض گوشے قصداً نظر انداز کر دیئے گئے تھے، اور بعض کو تشنہ چھوڑ دینا پڑا تھا، کیونکہ کتاب کے بجائے محض ایک مضمون ہی لکھنا مدنظر تھا۔ اب ان اجزاء کو یکجا کر کے ضروری اضافوں اور تشریحات کے ساتھ یہ کتاب مرتب کی گئی ہے۔ اگرچہ یہ دعویٰ اب بھی نہیں کیا جا سکتا کہ یہ اس موضوع پر آخری چیز ہے، لیکن میں کم سے کم یہ توقع ضرور رکھتا ہوں کہ جو لوگ اس مسئلے کو واقعی سمجھنا چاہتے ہیں وہ اس میں بڑی حد تک اطمینان بخش مواد اور دلائل پائیں گے۔ وباللہ التوفیق وھو المستعان۔

ابوالاعلیٰ

۲۲ محرم ۵۹ھ